زبان میری ہے بات اُن کی

ساغر اقبالی

☆لاہور۔ پولیس اہل کار تھانے میں میٹر نہیں لگانے دیتے۔ (ایس ڈی او، واپڈا)
واپڈا اہل کار خود بجلی چوری کراتے ہیں۔ (ایس ایچ او، تھانہ فیکٹری ایریا)
☆مختصر بات کیجیے، آپ کا وقت قیمتی ہے۔ (محکمہ ٹیلیفون ۱۹۸۰ء)
لمبی بات کیجیے اور ساری رات کیجیے۔ (یوفون ۔۲۰۱۰)
☆کسی کو غلط فہمی نہ رہے۔ زرداری ۲۰۱۳ء تک صدر رہیں گے۔ (سلمان تاثیر)
سامان سو برس کا ہے پل کی خبر نہیں۔
☆اب میں صدر نہیں وزیر اعظم بنوں گا۔ (پرویز مشرف)
بلی نوں چھیچھڑیاں دے خواب!
☆خودکشیاں معمول کی بات ہے۔ لوگوں نے مرنا ہی ہوتا ہے۔ (ریاض پیرزادہ ایم این اے)
''آدمی کو میسر نہیں انساں ہونا'' آدمی کو بے شرم ہونا چاہیے
☆حکومت کی توجہ بڑے ترقیاتی منصوبوں پر ہے۔ (وزیر اعظم گیلانی)
روٹی کپڑا اور مکان تو بہت چھوٹے مسائل ہیں!
☆مشرف کو دس بار صدر بنانے کا بیان محاورتاً دیا گیا تھا۔ (پرویز الٰہی)
سیاستدانوں کی ساری زندگی ہی محاورتاً ہوتی ہے۔
☆میری دادی جنوبی افریقہ کی شہزادی اور ساجدہ میر لنڈا بازار کی باسی ہیں (فوزیہ بہرام)
آخر جنوبی افریقہ کی شہزادی نے، لنڈا بازار کی باسی سے معافی مانگ لی۔
☆پیپلز پارٹی نے مشرف کے خلاف کارروائی نہ کرنے کا معاہدہ کیا (جمشید دستی)
گھر کا بھیدی لنکا ڈھائے!
☆فوزیہ وہاب کو جامعہ بنوریہ کے مہتمم قرآن مجید کی تفسیر پیش کر رہے ہیں (ایک تصویر)
اے کاش وہ یقین کر لیں کہ قرآن مجید دنیا کے ہر آئین سے بالاتر اور مکمل آئین ہے۔